سوال

کھانا کھانے کے بعد پانی پینا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا کھانا کھانے کے بعد پانی پینا سنت ہے یا نہیں ؟

جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

پانی انسانی زندگی کا خلاصہ ہے، اللہ نے انسان کو ماء دافق سے پیدا کیا ہے، اس کے بغیر انسان زندہ نہیں رہ سکتا۔ جب بھی ضرورت محسوس ہو آدمی پانی پی سکتا ہے۔ شرعی طور پر اس کی کوئی ممانعت نہیں ہے۔ کھانا کھانے کے بعد پانی پینا سنت ہے، اس حوالے سے کوئی روایت میرے علم میں نہیں آئی۔ یہ آپ کی ضرورت پر منحصر ہے، اگر آپ ضرورت محسوس کرتے ہیں تو پانی پی لیں اور اگر ضرورت محسوس نہیں کرتے تو نہ پئیں۔ اور کھانا کھانے کے فورا بعد پانی پینا طبی اعتبار سے نقصان دہ ہے۔ کیونکہ اس سے نظام انہضام میں خرابی پیدا ہو جانے کا خطرہ پیدا ہو جاتا ہے۔ ہذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دار الافتاء محدث